# Rampur State Gazette

# گزٹ ریاست رامپور

## بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

| | | |
|---|---|---|
| نمبر ۳۹ | مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۳ صفر ۱۳۴۱ھ مطابق ۲۵ ستمبر ۱۹۲۲ء | جلد ۳۴ |


### فہرست مضامین


| نمبر شمار | خلاصہ مضمون | نمبر صفحہ |
|---|---|---|
| ۱ | مستقلی و اضافہ سپرنٹنڈنٹ صفائی | ۱ |
| ۲ | تقرر خانبہادر سید جعفر حسین صاحب بعہدہ ایکزیکٹیو انجینیر | ۲ |
| ۳ | ہدایات بابت استصواب بیت المال | ۳ |
| ۴ | نسبت لزوم تذکرہ جملہ امور تنقیح طلب تجویز | ۴ |
| ۵ | نقشہ بارش نرخنامہ اجناس | ضمیمہ |


### ملخص حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

#### مستقلی و اضافہ

۱۶ ستمبر ۱۹۲۲ء

حسب رپورٹ صاحب ہوم سکریٹری بہادر ظہیر الحسن سپرنٹنڈنٹ صفائی بجائے سید علمدار مستوفی مشاہرہ دار اکیس روپیہ ماہوار کی تنخواہ بصیغہ بوجہ حسن انجام خدمات نو روپیہ ماہوار اضافہ دیگر مستقل منظور فرمائی گئی اور دس روپیہ ماہوار الاونس مسدود کیا گیا۔

## حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

### واقع ۱۸ ستمبر ۱۹۲۲ء

خانبہادر سید جعفر حسین کا تقرر بعہدہ ایگزیکٹیو انجینیر بشاہرہ چار سو روپیہ ماہوار تنخواہ بجلاوہ علاوہ تنخواہ کے ساٹھ روپیہ ماہوار الاونس سواری بھی دیا جائیگا - اور جس مکان مین مسٹر داس رہتے تھے وہ مکان رہنے کے لئے دیا جائیگا - خانبہادر سید جعفر حسین مسٹر داس سے چارج لے لین - احکام ضابطہ جاری ہون -

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعز عرض میرسانند

جناب عالی

داس صاحب کے استعفے سے جگہ خالی ہونے پر انکی جگہ کے لئے ترقیخواہ نے خانبہادر سید جعفر حسین صاحب بہادر ایگزیکٹیو انجینیر کو حضور والا مین پیش کیا تھا - انکے تقرر کو حضور عالی نے بعنایت خسروانہ بنظر قبول دیکھا ہے بذریعہ عرضداشت ہذا ترقیخواہ سفارش کرتا ہے کہ خانبہادر سید جعفر حسین کا تقرر بعہدہ ایگزیکٹیو انجینیر ۱۸ ستمبر ۱۹۲۲ء سے بشاہرہ چار سو روپیہ ماہوار تنخواہ و ساٹھ روپیہ سواری الاونس یعنی چار سو ساٹھ روپیہ معہ عنایت مکان سرکاری کے پیشگاہ عالی سے منظور فرمایا جائے - اور انکو داس صاحب سابق ایگزیکٹیو انجینیر سے چارج لینے کا حکم صادر فرمایا جائے - دولت اقبال ...

## روبکار اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

### واقع ۷ ستمبر ۱۹۲۲ء

اکثر پبلک کارروائی عدالتی میں بے قاعدہ استصواب کئے جاتے ہین - اس لئے ہدایت کیجاتی ہے -

۱ - علاقہ قدیم مین حسب دفعہ ۲۰۰ دستور عامہ استصواب ہو سکتا ہے - جسکا قاعدہ دفعہ ۲۰۰ فصل سوم دستور عامہ مین مندرج ہے انکی پابندی کرنا ضروری ہے

۲ - علاقہ جدید مین دفعہ ۱۰۵ ایکٹ نمبر ۲ سنہ ۱۹۰۱ء دفعہ ۲۱۸ ایکٹ ۳ سنہ ۱۹۰۱ء عدالتی کارروائی مین استصواب ہو سکتا ہے جسکے قواعد سرکلر بورڈ ۹ - ۲ مین صاف و مکمل مندرج ہین اسپر حکام ماتحت کاربند ہون منشا یہ ہے کہ کوئی عدالت جب کسی عدالتی کارروائی مین استصواب کرنا چاہے تو توسط ناظم کر سکتے ہین ناظم صاحب اگر خود جواب دیسکینگے اور کسی استصواب ضروری سمجھینگے وہ استصواب کر سکتے ہین -

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا کے ایک ایک نقل جملہ عدالتہائے مال مین تعمیلاً مرسل ہو - ایک نقل درج گزٹ کیجائے - ایک فائل بک مین چسپان ہو -

## حکم اجلاس صاحب ریونیو سکریٹری بہادر

### واقع ۹ ستمبر ۱۹۲۲ء

ضابطہ دیوانی کے آرڈر نمبر ۱۴ دستور عامہ مین دفعہ ... مین انکی تاکید اور قواعد موجود ہین اگر انکو دیکھا جائے تو یہ پابندی انکی جملہ امور تنقیحی کا تذکرہ فیصلہ تجویز مین آجانا لازم سمجھا جائے - ناظم صاحب نے انہین کی بابت توجہ دلائی ہے - حکم ہوا کہ - احکام ضابطہ معہ نقول ہدایت تمام اسسٹنٹ کلکٹر وغیرہ کے نام جاری ہو

## نقل نوٹ نظامت

ایک عدالت مال کے فیصلہ ہائے بصیغہ اپیل دیکھا گیا ہے کہ عموماً وہ تجویز مین امور تنقیح طلب درج نہین کرتے اور نہ کل امور تنقیحی کا نمبروار فیصلہ کرتے ہین اسلئے جملہ عدالتہائے ماتحت کو ضابطہ دیوانی کے آرڈر ۲۰ قاعدہ ۳ - ۴ - ۵ پر توجہ دلائی جاتی ہے اور قریب قریب وہی اصول علاقہ قدیم مین دستور عامہ مین بھی اختیار کیا گیا ہے ضابطہ دیوانی کی آرڈر ۲۰ کے قاعدہ ۳ کا مطلب یہ ہے کہ جب فیصلہ پر دستخط ہو جائے تب اسمین کچھ بدلا یا بڑھایا نہین جائیگا جبتک کہ وہ ترمیمی اندراج حسب دفعہ ۱۵۲ ضابطہ دیوانی نہو اور دفعہ ۱۵۲ ضابطہ دیوانی کی رو سے الفاظ یا ہندسون کی غلطیان جو غلطی کسی لغزش یا ترک الفاظ سے واقع ہون درست ہو سکتی ہین لیکن وجوہات جو تجویز مین نہون اضافہ نہین ہو سکتے - آرڈر ۲۰ قاعدہ ۵ کے رو سے ہر تنقیح کے متعلق تجویز لکھنا ضروری ہے لیکن جس حالت مین کہ فیصلہ کسی خاص تنقیح پر ہو سکتا ہو تب دیگر امور تنقیح طلب کے تجویز کی ضرورت نہین پڑتی - آرڈر مذکور کے قاعدہ ۴ فقرہ دوم کی رو سے فیصلہ مین مختصر حالت مقدمہ کی اور امور تنقیح طلب کا لکھنا اور ہر تنقیح کی تجویز اور اسکی وجہ قلمبند کرنا ضروری ہے - عالیجناب صاحب ریونیو سکریٹری بہادر کی خدمت مین تصدیعہ دیا جاتا ہے کہ اگر صاحب ممدوح مناسب تصور فرمائین تو عدالتہائے مال کی رہبری کی ہدایت فرمائین - جس سے عدالتہائے ابتدائی و اپیل کو اور نیز فریقین کو بہت سہولت ہوگی

۵ ستمبر ۱۹۲۲ء

دستخط ناظم صاحب

# نقشہ بارش ریاست رامپور من ابتداء ۱۷ ستمبر ۱۹۲۲ء لغایۃ ۲۳ ستمبر ۱۹۲۲ء

| تاریخ دن | صدر ریاست | | تحصیل بلاسپور | | تحصیل سوار | | تحصیل شاہ آباد | | تحصیل ملک | | تحصیل ٹانڈہ | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | تعداد خط | افزون | تعداد خط | افزون | تعداد خط | افزون | تعداد خط | افزون | تعداد خط | افزون | تعداد خط | افزون |
| ۱۷ ستمبر ۱۹۲۲ء | ۰ | ۵۶۵ | ۰ | ۶۳۷ | ۰ | ۵۵۸ | ۰ | ۶۹۹ | ۰ | ۵۷۶ | ۰ | ۵۰۳ |
| ۱۸ " " | ۹ | ۵۸۴ | ۵ | ۶۴۲ | ۶ | ۵۶۴ | ۲۴ | ۶۲۳ | ۳۰ | ۵۹۶ | ۵ | ۵۰۸ |
| ۱۹ " " | ۵۳ | ۶۳۶ | نقشہ نہیں آیا | ۰ | ۹ | ۵۷۳ | ۶۱ | ۶۹۳ | ۴۵ | ۶۴۲ | ۱۴ | ۵۲۲ |
| ۲۰ " " | ۹ | ۶۴۶ | " | " | نقشہ نہیں آیا | ۱ | ۲۰ | ۸۱۳ | ۱ | ۶۴۲ | ۲ | ۵۲۴ |
| ۲۱ " " | ۱۸ | ۶۶۴ | " | ۰ | " | ۰ | نقشہ نہیں آیا | ۳۰ | ۱۱۳ | ۸۱۶ | ۵۱۹ | ۵۳۰ |
| ۲۲ " " | ۱ | ۶۶۵ | " | ۰ | " | ۰ | " | ۰ | ۱۲ | ۶۷۰ | نقشہ نہیں آیا | ۰ |
| ۲۳ " " | ۱ | ۶۶۵ | " | ۰ | " | ۰ | " | ۰ | نقشہ نہیں آیا | " | " | " |
| | | | | | | | | | | | | |

# نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتداء ۱۸ لغایۃ ۲۴ ستمبر ۱۹۲۲ء

| نام اجناس | حضور تحصیل | شاہ آباد | ملک | بلاسپور | سوار | ٹانڈہ | کیفیت |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| گندم | [illegible] | ۵ر | | ۵ر | | ۶ر | |
| نخود خام | ۷ر | ۹ر | | ۹ر | | ۸ر | |
| نخود کی دال [illegible] | [illegible] | ۱۰ر | | ۱۰ر | | ۹ر | |
| [illegible] | [illegible] | ۸ر | | ۱۰ر | | ۹ر | |
| [illegible] | [illegible] | [illegible] | | ۵ر | | ۶ر | |
| مونگ | ۵ر | ۵ر | | ۵ر | | ۵ر | |
| مکا | | ۰ | | ۵ر | | ۰ | |
| [illegible] | ۱۱ر | ۰ | | ۱۱ر | | ۹ر | |
| [illegible] | ۰ | ۰ | | ۸ر | | ۷ر | |
| عدس | ۶ر | ۰ | | ۶ر | | ۶ر | |
| ارہر | ۰ | ۱۰ر | | ۱۰ر | | ۱۰ر | |
| برنج | [illegible] | [illegible] | | ۳ر | | ۴ر | |
| روغن زرد | [illegible] | [illegible] | | [illegible] | | [illegible] | |
| روغن سیاہ | [illegible] | [illegible] | | ۱ر | | [illegible] | |
| روغن [illegible] | ۱ر | ۱ر | | [illegible] | | ۱ر | |
| نمک سانبھر | [illegible] | ۱۰ر | | ۱۰ر | | ۱۱ر | |
| نمک لاہوری | ۶ر | ۶ر | | ۵ر | | ۵ر | |
| [illegible] | [illegible] | [illegible] | | [illegible] | | ۳ر | |
| [illegible] | | | | ۶ر | | | |